


# COVID-19 ویکسین لگوانے کے لیے ویکسینیشن کلینک میں جانا

Urdu | اردو




میں COVID-19 ویکسین لگوانے کے لیے ویکسینیشن کلینک میں جا رہا ہوں۔

یہ کلینکس صرف COVID-19 ویکسین کے لیے ہیں۔

COVID-19 ویکسین ایک دوائی ہے جو میرے بازو میں ٹیکے (انجیکشن) سے لگائی جائے گی۔

اس سے لوگوں کو COVID-19 لگنے اور اس بیماری کا پھیلاؤ روکنے میں مدد ملے گی۔

یہ لوگوں کو COVID-19 سے شدید بیمار ہونے سے بھی بچا سکتی ہے۔




میں باہر کے دروازے پر ایک نرس سے ملوں گا۔

وہاں کام کرنے والے لوگ مجھ سے پوچھیں گے کہ کیا میری اپائنٹمنٹ ہے۔

وہ مجھے بتائیں گے کہ آگے کیا کرنا ہے۔




میرے ساتھ آنے والے بڑے کو اپنے فون پر QR کوڈ استعمال کر کے چیک ان کرنا ہو گا۔
یا وہ میرا نام اور فون نمبر لکھ لیں گے۔



اگر میں نے ماسک پہنا ہے تو مجھے ایک نیا ماسک پہننے کو کہا جائے گا۔
میرے ساتھ آنے والا بڑا بھی اپنا ماسک بدلے گا۔



عمارت میں داخل ہوتے ہوئے مجھے ہینڈ سینیٹائزر استعمال کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔
میں اپنا ہینڈ سینیٹائزر بھی استعمال کر سکتا ہوں۔





وہاں کام کرنے والے لوگ میرا ٹمپریچر چیک کر سکتے ہیں۔
شاید وہ میرے ساتھ آنے والے بڑے کا ٹمپریچر بھی چیک کریں۔



میرے ساتھ آنے والا بڑا اور میں ڈیسک پر جائیں گے۔
بڑا شخص وہاں کام کرنے والے لوگوں کے ساتھ کچھ فارم بھرے گا۔
وہاں کام کرنے والا مجھے بتائے گا کہ آگے کیا کرنا ہے۔



نرس مجھے ایک کمرے میں لے جائے گا/گی۔

اگر روشنی بہت تیز ہو تو میں سن گلاسز لگا سکتا ہوں یا کیپ پہن سکتا ہوں۔

میرا بڑا میرے ساتھ ہو گا۔



میں جہاں چاہوں، بیٹھ سکتا ہوں۔ میں اپنے بڑے کی گود میں بیٹھ سکتا ہوں۔
میں کرسی پر بیٹھ سکتا ہوں۔ یا میں فرش پر بیٹھ سکتا ہوں۔



میں کوئی وڈیو دیکھ سکتا ہوں۔ میں میوزک سن سکتا ہوں۔
میں کھیل سکتا ہوں یا اپنے کھلونے کو گلے لگا سکتا ہوں۔



نرس میرے بڑے سے میری صحت کے بارے میں کچھ سوال پوچھے گا/گی۔



نرس مجھ سے جمپر اتارنے یا آستین اوپر چڑھانے کو کہے گا/گی۔

اگر مجھے انجیکشن کی فکر ہو تو میں منہ دوسری جانب موڑ سکتا ہوں یا دیوار پر کسی چیز کی طرف دیکھ سکتا ہوں۔

میرا بڑا مجھے تسلّی دے سکتا ہے۔



انجیکشن لگنے کے بعد نرس میرے بازو پر بینڈ ایڈ اور/یا تھوڑی سی روئی لگا دے گا/گی۔
پھر میں چاہوں تو دوبارہ جمپر پہن سکتا ہوں یا آستین نیچے کر سکتا ہوں۔



نرس مجھے گھر لے جانے کے لیے ایک شو بیگ دے گا/گی۔

نرس میرے بڑے کو یہ معلومات پڑھنے کے لیے دے گی کہ انجیکشن کے بعد کیا ذہن میں رکھنا چاہیے۔



میں 15 منٹ تک اسی جگہ رکوں گا۔

انجیکشن لگنے کے بعد انتظار کرنا ہوتا ہے۔

میرا بڑا اپنے فون پر ٹائمر سیٹ کر سکتا ہے۔

میں میوزک سن سکتا ہوں، وڈیو دیکھ سکتا ہوں یا کوئی fidget آئٹم استعمال کر سکتا ہوں۔

میں اپنے شو بیگ میں رکھی چیزوں سے کھیل سکتا ہوں۔



جب 15 منٹ گزر جائیں گے تو نرس مجھ سے کچھ سوال پوچھے گا/گی۔

اگر میں چاہوں تو میں نرس کی بجائے اپنے بڑے کو بتا سکتا ہوں اور وہ نرس کو میری طرف سے بتا دیں گے۔




اب میں ویکسینیشن کلینک سے جا سکتا ہوں۔




Amaze اور National Disability Services کے اشتراک سے فخریہ پیشکش

Amaze

فون: 03 9657 1600

www.amaze.org.au

ای میل: info@autismconnect.org.au

National Disability Services

فون: 03 8341 4300

www.nds.org.au

ای میل: ndsvic@nds.org.au


**اظہار تشکّر**

EACH low sensory، بچوں اور بڑوں کے ویکسینیشن کلینک کے تمام عملے کی مدد کے لیے ان کا شکریہ اور اس گھرانے کا بھی شکریہ جنہوں نے یہ وسیلہ تیار کرنے میں شرکت کی۔

یہ سوشل سکرپٹ Amaze اور National Disability Services (NDS) نے Victorian Department of Health اور Victorian Department of Families Fairness and Housing کی مدد سے تخلیق کیا۔


© Amaze 2022